سٹی آف ہیوسٹن (HOUSTAN)

پروگرام برائے عنوان VI کے حقوق کا عوامی نوٹس

پروگرام برائے عنوان VI کی پالیسی کا بیان

سٹی آف ہیوسٹن (COH) 1964 کے شہری حقوق ایکٹ کے عنوان VI، 49 CFR، حصہ 21، 49 CFR حصہ 303، اور غیر امتیازی سلوک سے متعلقہ قوانین کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ سٹی آف ہیوسٹن اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ کسی بھی فرد کو نسل، رنگ، قومی حسب و نسب، جنس، عمر، معذوری، کم آمدن، اور انگریزی کی محدود اہلیت (LEP) کی بنیاد پر سٹی آف ہیوسٹن کے تحت منعقد ہونے والے کسی بھی پروگرام، سرگرمی یا سروس میں شرکت کرنے سے محروم نہیں کیا جائے گا، مراعات کے حصول سے نہیں روکا جائے گا، یا امتیازی سلوک کا نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔ سٹی آف ہیوسٹن مزید اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ وہ اپنے تمام پروگرامز، سرگرمیوں اور سروسز میں غیر امتیازی سلوک کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گا خواہ ان پروگرامز، سرگرمیوں اور سروسز کے لیے وفاق کی جانب سے مالی اعانت فراہم کی گئی ہو یا نہ کی گئی ہو۔ اگر کسی موقع پر سٹی آف ہیوسٹن وفاق امدادی فنڈز کسی دوسرے ادارے میں تقسیم کرتا ہے، تو سٹی آف ہیوسٹن عنوان VI کی زبان تمام تحریری معاہدوں میں شامل کرے گا اور تعمیل کی نگرانی کرے گا۔

سٹی آف ہیوسٹن اس بات کو یقینی بنانے کے لیے بھی پرعزم ہے کہ اس کے پروگراموں یا سرگرمیوں پر کسی بھی اثر کے نتیجے میں کم آمدنی والی اور اقلیتی آبادی کے ساتھ امتیازی سلوک کو روکنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ اس کے علاوہ، سٹی آف ہیوسٹن یقین دلاتا ہے کہ انگریزی کی محدود مہارت رکھنے والے افراد کو بامعنی رسائی فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

1964 کے شہری حقوق ایکٹ کے عنوان VI اور غیر امتیازی سلوک سے متعلقہ وفاق اور ریاستی قوانین کے تحت انتقامی کارروائی کرنا ممنوع ہے۔ یہ سٹی آف ہیوسٹن کی پالیسی ہے کہ جو کوئی بھی امتیازی سلوک کی شکایت درج کرتا ہے اسے انتقامی کارروائی، مداخلت، دھمکی، جبر، یا زیادتی کے خوف کے بغیر ایسا کرنے کے قابل ہونا چاہئے۔

وفاقی مالیاتی امداد اور متاثرہ وصول کنندگان کی وضاحت

وفاقی مالیاتی امداد کی وضاحت کسی بھی قسم کے وفاقی ڈالرز کے طور پر کی جاتی ہے جو سٹی آف ہیوسٹن کو کسی بھی پروگرام، سرگرمی یا سروس کے لیے انشورنس کے معاہدے یا گارنٹی سے مستثنیٰ، گرانٹ، قرض یا معاہدے کی صورت میں معاونت فراہم کرنے کی غرض سے تفویض کیے جاتے ہیں۔

امتیازی سلوک کی ممنوع کردہ مخصوص اشکال

امتیازی سلوک کی روک تھام کے لیے سٹی آف ہیوسٹن کی کوششوں میں درج ذیل کوششیں شامل ہیں، مگر صرف ممانعت کرنے تک محدود نہیں ہیں:

- کسی پروگرام کے تحت فراہم کردہ سروسز، مالی امداد، یا دیگر مراعات کے حصول سے روکنا۔
- معیار، مقدار یا مراعت کی فراہمی کے طریقہ کار میں تفریق کرنا۔
- پروگرام کے کسی مخصوص حصے کے اندر افراد کا افتراق یا علیحدہ کرنا۔
- دوسرے لوگوں کو فراہم کردہ کوئی بھی فوائد، رعایتوں، یا دیگر مراعات سے لطف اندوز ہونے پر پابندی عائد کرنا۔
- شرکت کرنے کے لیے مختلف معیارات یا تقاضہ جات قائم کرنا۔
- انتظامیہ کے وہ طریقے جو بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر، یا معاہدہ جاتی تعلقات کے ذریعے، مؤثر غیر امتیازی سلوک کے حصول کو ناکام بناتے ہیں یا نقصان پہنچاتے ہیں۔
- مکمل یا جزوی طور پر وفاقی مالی امداد کے ذریعے تیار یا مرمت کردہ ہائی وے، انفراسٹرکچر، یا سہولت سے متعلقہ کسی بھی سرگرمیوں یا سروسز کے اندر امتیازی سلوک کرنا۔
- ایسے کسی پروگرام یا سروس کی وجہ سے کسی بھی ملازمت میں امتیازی سلوک، جس کا بنیادی مقصد روزگار فراہم کرنا ہو۔

سٹی آف ہیوسٹن 1964 کے شہری حقوق ایکٹ کے عنوان VI اور غیر امتیازی سلوک سے متعلقہ قوانین کے غیر امتیازی تقاضہ جات کو برقرار رکھنے اور اس کی مکمل تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے اپنی پالیسی کا عوامی نوٹس فراہم کرتا ہے۔ عنوان VI اور غیر امتیازی سلوک سے متعلقہ قوانین یہ اقرار کرتے ہیں کہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ (United States of America) میں کسی بھی شخص کو نسل، رنگ، قومی حسب نسب، جنس، عمر، معذوری، آمدن کی سطح، اور انگریزی کی محدود اہلیت کی بنیاد پر وفاقی مالی امداد حاصل کرنے والے کسی بھی پروگرام یا سرگرمی کے تحت اس میں شرکت سے محروم نہیں کیا جائے گا، مراعات کے حصول سے نہیں روکا جائے گا، یا دوسری صورت میں امتیازی سلوک کا نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔

عوام کی شرکت

سٹی آف ہیوسٹن اپنے رہائشیوں کو ترغیب دیتا ہے کہ وہ اس کے پروگرامز اور سرگرمیوں کے لیے ترجیحات، حکمت عملیوں اور مالی تفویض کاریوں کی ترقی اور منصوبہ بندی میں حصہ لیں۔ سٹی کم اور متوسط آمدن والے افراد، معذوری کے حامل افراد، زد پذیر آبادیوں کے ممبرز، اور ان رہائشیوں کی خدمت کرنے والی تنظیموں کی شمولیت پر خاصا زور دیتا ہے۔

عوامی میٹنگز میں عوام کو شرکت کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔ میٹنگز کی تشہیر تاریخ، وقت اور مقام کے ساتھ کی جاتی ہے جو زیادہ تر اسٹیک ہولڈرز کو مجوزہ پراجیکٹس، پروگرامز اور سرگرمیوں میں شرکت کرنے کی اجازت فراہم کرتی ہے۔ میٹنگ کی معلومات اور مجوزہ تبدیلیوں تک رسائی ڈیجیٹل اور پرنٹ شدہ کاپی کی صورت حاصل کی جا سکتی ہے۔

عوامی میٹنگز میں شرکت کا عمل لسانی، ثقافتی، معاشی یا تاریخی رکاوٹوں سے پاک ہوتا ہے۔ درخواست کرنے پر، عوامی میٹنگز کے لیے ترجمے اور مترجم کی سروسز دستیاب بنائی جاتی ہیں۔ اس درخواست کے لیے عوامی میٹنگ کی میزبانی کرنے والے شعبے سے درخواست کی جا سکتی ہے یا لوگ ترجمہ اور مترجم کی حامل سروسز کے حصول کے لیے بطور مدد سٹی کی 3-1-1 سروس ہیلپ لائن پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

عنوان VI میں شکایت درج کرنے کا طریقہ کار

اگر کوئی شخص سٹی آف ہیوسٹن کے عنوان VI کے پروگرام سے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کا خواہشمند ہے تو وہ سٹی آف ہیوسٹن عنوان VI کی ویب سائٹ، https://www.houstontx.gov/obo/title-vi.html ملاحظہ کر سکتا ہے، یا درج ذیل فہرست کردہ عنوان VI پروگرام کے کوآرڈینیٹر سے رابطہ کر سکتا ہے۔

کوئی بھی شخص جو یہ سمجھتا ہے کہ اسے، انفرادی طور پر یا کسی مخصوص طبقے کے فرد کے طور پر، نسل، رنگ، قومی حسب نسب، جنس، عمر، معذوری، آمدن کی سطح یا انگریزی کی محدود اہلیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا نشانہ بنایا گیا ہے تو اسے باضابطہ طور پر شکایت درج کروانے کا پورا حق حاصل ہے۔ ایسی کسی بھی شکایت کا تحریری شکل میں ہونا اور مبینہ واقعہ پیش آنے کے 180 دنوں کے اندر جمع کروانا لازمی ہے۔ کوئی بھی شخص جو یہ سمجھتا یا سمجھتی ہے کہ اسے عنوان VI سے متعلقہ شکایت درج کروانے کی صورت میں انتقامی کارروائی کا نشانہ بنایا گیا ہے تو اسے باضابطہ طور پر شکایت درج کروانے کا پورا حق حاصل ہے۔ ایسی کسی شکایت کا بھی تحریری شکل میں ہونا اور مبینہ واقعہ پیش آنے کے 180 دنوں کے اندر جمع کروانا لازمی ہے۔

شکایت درج کرنے کا فارم: https://www.houstontx.gov/obo/title-vi.html
ای میل: TitleVI@houstontx.gov
کال:) 832-393-0600آپشن(5
سٹی آف ہیوسٹن عنوان VI کوآرڈینیٹر:
Norma Meadows
611 Walker Street, 7th Floor
Houston, Texas 77002

اپریل 2026

ہیوسٹن شہر کے کسی بھی پروگرام یا سروس کے حوالے سے 24/7 مدد کے لیے،
آپ 3-1-1 ہیوسٹن سروس ہیلپ لائن پر رابطہ کر سکتے ہیں۔